1

## نمونے کا سوالنامہ

جماعت: بارہویں　　مضمون: اردو　　وقت: ۳ گھنٹے　　نمبرات: ۸۰

سوال نمبر۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ 4x2=08

لیکن تھوڑی دیر کے بعد ان میں سے ایک نہ ایک پھر نیچا ہو جاتا۔ وہ لمحے جن کے دوران میں میرے ہاتھ اور میرا جسم دونوں برابر ایک ہی بلندی پر واقع ہوں، بہت ہی کم تھے اور ان میں بھی یہی سوچتا رہتا تھا کہ گدی پہلے بیٹھے گی یا ہینڈل۔ چنانچہ نڈر ہو کر نہ بیٹھتا بلکہ جسم کو گدی سے قدرے اوپر ہی رکھتا لیکن اس سے ہینڈل پر اتنا بوجھ پڑتا کہ وہ نیچا ہو جاتا۔ جب دو میل گذر گئے اور بائیسکل کی اُٹھک بیٹھک نے ایک مقرر باقاعدگی اختیار کر لی تو فیصلہ کیا کہ مستری سے پیچ کسوا لینے چاہیں۔ چنانچہ بائیسکل کو ایک دکان پر لے لیا۔

بائیسکل کی کھڑکھڑ سے جتنے لوگ کام کر رہے تھے سب کے سب سر اُٹھا کر میری طرف دیکھنے لگے۔ لیکن میں نے جی کڑا کر کے کہا "ذرا اس کی مرمت کر لیجئے"

الف۔ کس چیز نے باقاعدگی اختیار کی تھی؟

ب۔ راوی نڈر ہو کر بائیسکل پر کیوں نہیں بیٹھتا تھا؟

ج۔ لفظ "گدی" اور "جسم" کو اس طرح ایک ہی جملے میں استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

ج۔ "جی کڑا کر کے کہا" محاورے سے آپ کیا سمجھے؟

یا

زلزلے کا زور تھما تو ہم نے مس جو سے کہا "بی بی! ہمیں آسمان سے آنے والی بلاؤں سے بالکل ڈر نہیں لگتا۔ فلکِ کج رفتار سے یوں بھی ہماری پرانی آشنائی ہے۔ ہمیں کوئی چھتری دیجئے جو ہمیں زمین کے نیچے سے آنے والی بلاؤں سے محفوظ رکھ سکے۔ جاپان اتنا ترقی یافتہ ملک ہے، آپ نے ایسی چھتری ضرور ایجاد کی ہوگی۔

وہ مسکرا کر چلی گئیں تو سری لنکا کے مسٹر جیا کوڈی تھر تھر کانپتے ہوئے ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے "مسٹر حسین! میں کل ہی جاپان سے چلا جاؤں گا۔ مجھے ایسا دہلانے والا سیمینار نہیں چاہیے۔ اگر یہ روز کا معمول ہے تو میں یہاں بقیہ دن کیسے گزاروں گا۔ سری لنکا میں میرے دو چھوٹے اور معصوم بچے ہیں۔ ان کی ایک معصوم ماں بھی ہے، اُن کا کیا ہوگا۔"

الف۔ سری لنکا کے مندوب کون تھے اور سری لنکا میں اُن کے کون رشتے دار تھے؟

ب۔ "فلکِ کج رفتار" اور "جاپان" کو ایک ساتھ جملے میں استعمال کیجئے۔

ج۔ مس جو مسکرا کیوں چلی گئی؟

د۔ اس اقتباس کا ماحصل بیس سے پچیس الفاظ میں لکھئے۔

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے چالیس الفاظ میں جواب لکھئے: 2x3=06

الف۔ افسانہ "نمک کا داروغہ" کے بنیادی تاثر کی وضاحت کیجئے۔

ب۔ مرزا کے بائیسکل کی مجمل ہیت کیسی تھی؟

ج۔ مینا کماری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Scanned with OKEN Scanner

د۔ مرزا ظاہر دار بیگ کا حلیہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۳۔ اردو میں افسانہ نگاری کے فن یا سوانح عمری کی تاریخ پر پچاس الفاظ کا نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۴۔ سرسید احمد خان کی سماجی خدمات یا پریم چند کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس کے آخر پر دئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ 2=08

دھوپ میں لہرا رہی ہے کاکلِ عنبر سرشت
ہو رہا ہے کمسنی کا سوچ جزو سنگ و خشت
پی رہی ہیں سرخ کرنیں مہرِ آتش بار کی
نرگسی آنکھوں کا رس مے چمپی رخسار کی
غم کے بادل خاطرِ نازک پر ہیں چھائے ہوئے
عارضِ رنگین ہیں یہ دو پھول مرجائے ہوئے
چیتھڑوں میں دیدنی ہے روئے غمگینِ شباب
ابر کے آوارہ ٹکڑوں میں ہو جیسے آفتاب

الف۔ یہ شعری بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کون ہیں؟

ب۔ مہرِ آتش بار کیا پی رہا ہے؟

ج۔ اس شعری جز کے آخری مصرعے کی وضاحت کیجیے؟

د۔ دھوپ میں کیا لہرا رہی ہے اور عارضِ رنگین کس کے لئے استعمال ہوا ہے؟

یا

اعداء کو میرے دودھ کی تاثیر دکھانا — دادا کی طرح جوہرِ شمشیر دکھانا
جلالِ حسن، شوکتِ شبیر دکھانا — تن تن کے یداللہ کی تصویر دکھانا
نیزوں سے جوانوں کے جگر توڑ کے آنا
خیبر کی طرح کوفے کا در ٹوڑ کے آنا

الف۔ اس شعری بند کے شاعر اور صنف کا نام بتائے؟

ب۔ اس شعری بند میں داد، حسن اور شبیر کن کے لئے استعمال ہوے ہیں؟

ج۔ ''تن تن کے یداللہ کی تصویر دکھانا'' سے کیا مراد ہے؟

د۔ اس بند کے آخری شعر کی تشریح کیجیے۔

سوال نمبر۶۔ درجِ ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب چالیس الفاظ میں لکھئے۔ 2x3=06

الف۔ غزل کے فن کی وضاحت کیجیے۔

ب۔ مرزا غالب یا پروین شاکر کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

Scanned with OKEN Scanner

ج۔ حیدر علی آتشؔ کے حالاتِ زندگی قلمبند کیجئے۔

د۔ میر تقی میرؔ کی شاعرانہ عظمت پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر ۷۔ نظم ''اے شریف انسانو!'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے — 04

یا

علامہ اقبال کی نظم نگاری کے محاسن یا مرزا محمد رفیع سوداؔ کی قصیدہ نگاری پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر ۸۔ صرف دو اصطلاحات کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ — 2x2=4

حسنِ تعلیل، لف ونشر، تلمیح، تشبیہ

سوال نمبر ۹۔ درج ذیل میں سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ — 2x6=12

الف۔ علی گڑھ تحریک نے اردو نثر میں کس کس نوعیت کی تبدیلیاں لائیں؟

ب۔ ترقی پسند تحریک نے اردو ادب کو ایک نئے رنگ وڈھنگ سے آشنا کیا۔ اس کی وضاحت کیجئے۔

ج۔ خطوطِ غالب کے امتیازات کی نشاندہی کیجئے۔

د۔ دبستانِ دلی کی شعری خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر ۱۰۔ آپ کے اسکول میں کمروں کا رنگ وروغن خراب ہوگیا ہے، اس لئے کمروں کی حالت دن بہ دن خستہ ہو رہی ہے۔ اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ایک درخواست لکھ کر ان کمروں کی حالت درست کرنے کی گذارش کریں۔ — 04

یا

آپ گھر سے باہر رہتے ہیں اور آپ کے چھوٹے بھائی کا دسویں کا امتحان نزدیک آ رہا ہے۔ اپنے والد صاحب کے نام خط لکھ کر اُنہیں بھائی کو امتحان کے لئے محنت کرنے کی تلقین کرنے کی استدعا کیجئے۔

سوال نمبر ۱۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ایک سو الفاظ کا مضمون لکھئے: — 08

ورزش صحت کے لئے ضروری ہے

جنگلات سے زندگی ہے

موبائیل فون کے فائدے

سوال نمبر ۱۲۔ آپ کے اسکول میں یومِ والدین کی ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں اسکولی بچوں اور والدین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں بچوں نے رنگارنگ پروگرام پیش کئے۔ اس تقریب کی روداد ایک اخباری رپورٹ کی صورت میں تحریر کیجئے۔ 06

یا

آپ کا بڑا بھائی کتابوں کی دکان چلاتا ہے۔ اُس کی دکان میں بہت ساری پرانی اور نادر کتابیں موجود ہے۔ وہ اُن کتابوں کو سیل کے ذریعے فروخت کرنا چاہتا ہے۔ دکان میں موجود ان کتابوں کی سیل کے لئے ایک اشتہار تحریر کیجئے۔

Scanned with OKEN Scanner

6x1=06

سوال نمبر۱۳۔ درج ذیل معروضی سوالات کے لئے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ ''آنکھ لگنا'' محاورے کا معنی ہے؟

الف۔ مرجانا
ب۔ نیند نہ آنا
ج۔ آنکھ میں تکلیف ہونا
د۔ نیند آنا

۲۔ نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

اس شعر میں جو شعری صنعت استعمال ہوئی ہے، وہ ---------------- کہلاتی ہے۔

۳۔ مرکبِ توصیفی میں صفت کے ساتھ موصوف کا ہونا لازمی ہے۔ صحیح/غلط

۴۔ ''رسی جل گئی پر بل نہیں گیا۔'' کیا ہے؟

الف۔ محاورہ
ب۔ ضرب المثل
ج۔ کہاوت
د۔ مرکب

۵۔ لفظ ''شبنم'' کو اس طرح جملے میں استعمال کیجئے کہ اس کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

۶۔ لفظ ''حکیم'' کی جمع صورت کو جملے میں استعمال کیجئے۔

Scanned with OKEN Scanner